”بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب سجدہ کی حالت میں ہوتا ہے، لہٰذا تم (سجدہ میں) خوب دعا کیا کرو“

ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: ”بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب سجدہ کی حالت میں ہوتا ہے، لہٰذا تم (سجدہ میں) خوب دعا کیا کرو“
[صحیح] [رواہ مسلم]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ بندہ اپنے رب سے سب سے زیادہ نزدیک اس وقت ہوتا ہے، جب وہ سجدہ میں ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ سجدہ کی حالت میں بندہ اپنے جسم کے سب سے اعلی و اشرف عضو کو زمین پر رکھ کر اللہ کے سامنے خشوع وخضوع اور عاجزی وانکساری کا اظہار کرتا ہے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے سجدہ کی حالت میں زیادہ سے زیادہ دعا کرنے کا حکم دیا ہے اس طرح یہاں قول و فعل دونوں کے ذریعہ اللہ کے آگے اپنی بے مائگی کا اظہار ہوتا ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5382